www.KitaboSunnat.com

مرضاها و حییت اولا ها علیٰ اخراہا فقالک اجرک سیدک"

کہ ان بکریوں (رعایا) کے چرانے کے لیے رب نے آپ کو نوکر رکھ لیا ہے۔ اگر آپ نے ان کو وبائی امراض سے محفوظ رکھنے کی کوشش کی اور ان کے بیماروں کی ... اور ان کا نظم قائم رکھا تو ان بکریوں کا مالک آپ کو مزدوری دے گا۔

— قیادت کی ذمہ داری کو صحیح طور نباہنے کا پتہ دراصل قائد کی نجی زندگی سے چلتا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ اپنی نجی زندگی میں جو خدمات انجام دے سکتا ہو، وہ تو انجام نہ دے، لیکن لوگوں سے کہے کہ مجھے اقتدار دو تاکہ میں تمہاری خدمت کروں — جیسا کہ آج کل ہو رہا ہے۔

— ملتِ اسلامیہ کے سربراہ، ارکانِ مجلس اور حکامِ اعلیٰ کے سلسلہ کے یہ وہ خصائص ہیں جن کو ملکی دستور کی تدوین میں اوّلین حیثیت حاصل ہونی چاہیئے، جب آپ ہر چھوٹی بڑی شے بیان کرتے ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ حکومت کے کارکنانِ قضاء و قدر کے بارے میں اسلام نے جن اسلامی اخلاق، ایمانی اقدار، اعمالِ صالحہ اور طہارتِ نفس کا ذکر کیا ہے، دستور میں ان کو آئینی حیثیت نہیں دی، اور اس کا آپ کو کیوں یقین نہیں آتا کہ جب تک حکمران طبقہ حاملِ قرآن نہیں ہوگا، وبالِ جان بنا رہے گا اور بہتر سے بہتر دستور بھی ہاتھ آگیا تو محض ان کی وجہ سے رائیگاں جائے گا؟

ملتِ اسلامیہ کو چاہیے کہ وہ اپنی قیادت کے لیے اسلامی شرائط اور معیارات پر آزل کر لینے کی ریت ڈالے تاکہ جو بھی ہمارے مقدر کا تارا بنے، ہماری بگڑی بنا دے۔

اگلے شمارہ میں ہم اسلامی ریاست کے سربراہوں کے اسلامی اخلاق اور طرزِ حیات کے نمونے پیش کرنے کی کوشش کریں گے تاکہ آپ اندازہ کر سکیں کہ یہ صرف باتیں نہیں ہماری تاریخ اور روایات ہیں جن کا اب ہم مکرر مشاہدہ کرنے کی جائز خواہش رکھتے ہیں۔

دستور

ابو عثمان اکبر

یہ پھول ہے یا سنگ گوارا کر لو ۔۔۔ صیقل ہے کہ ہے زنگ گوارا کر لو
ہے ملک کے حالات کا اب یہ ہی تقاضا ۔۔۔ دستور ہر رنگ گوارا کر لو!

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ